# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ
## شعبہ قرآن وتفسیر

### وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلام اور استشراق (1981)　　　　سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن وتفسیر)

ہدایت نامہ برائے طلباء بی ایس علوم اسلامیہ (ODL موڈ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100　　　　کامیابی کے نمبر: 50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر: 1 تا 5)

سوال نمبر 1۔ استشراق کا لغوی و اصطلاحی مفہوم اور ارتقاء علمی انداز میں تحریر کریں۔ (25)

سوال نمبر 2۔ بعض اسرائیلیات کی نشاندہی کیجئے جن کو مستشرقین نے منفی مقاصد کے لیے استعمال کیا۔ (25)

سوال نمبر 3۔ علوم القرآن پر مستشرقین کے اعتراضات کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ (25)

سوال نمبر 4۔ صحابہ کرامؓ سے منسوب مصاحف کو مستشرقین نے کن مقاصد کے لیے استعمال کیا؟ (ایک مقالہ تحریر کیجئے) (25)

کل نمبر: 100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر: 6 تا 9)

سوال نمبر1۔　قراءات قرآنیہ پر مستشرقین کے اعتراضات کا ایک تحقیقی و تنقیدی جائزہ تحریر کیجئے۔　(25)

سوال نمبر2۔　سیرت النبی ﷺ پر مستشرقین کی تحقیقات کا تنقیدی جائزہ تحریر کیجئے۔　(25)

سوال نمبر3۔　سیرت النبی ﷺ پر مستشرقین کی تحقیقات کا اسلوب تحقیقی انداز میں تحریر کیجئے۔　(25)

سوال نمبر4۔　فقہ اسلامی پر جوزف شاخت کے مؤقف کا ایک تنقیدی جائزہ تحریر کیجئے۔　(25)